ونڈوز انسٹال کرنے کے بعد چند چیزیں جو آپ کو اپنے کمپیوٹر لیپ ٹاپ میں کرنی چاہئیں

ونڈوز ایکٹیویٹ

ڈرائیورز

ونڈوز کی پرفارمنس کو بڑھانے کے لیے سپیڈ اپ کرنے والی سیٹنگ

اور ضروری سافٹ وئیر

جو بہت اہم ہیں

سب سے پہلی چیز یہ کہ اگر آپ نے ونڈوز انسٹال کی ہے 7 یا 10 تو وہ ایکٹیویٹ ہونی چاہئیے

ایکٹیویٹ نہیں ہے تو ایکٹیویٹ کریں

اس کے بعد دوسری اہم چیز ڈرائیورز انسٹال کریں

ونڈوز 7 ہو یا ونڈوز 10 ڈرائیورز تو آپ کو انسٹال کرنے پڑیں گے کیوں کہ اس سے ہارڈویئر کی لائف بڑھتی ہے

اور یہ آپ کی سوچ سے زیادہ کمپیوٹر کو کام کرنے میں مدد دیتے ہیں

لوگ کہتے ہیں ونڈوز 10 انسٹال کرنے کے بعد ڈرائیورز انسٹال کرنے کی ضرورت نہیں تو یہ غلط ہے

سنی سنائی باتوں پر یقین کر کہ آپ اپنا نقصان نہ کیا کریں

ڈسپلے گرافکس یو ایس بی پورٹس انٹرنیٹ اور دیگر بہت سی ایسی چیزیں ہیں جو ڈرائیورز انسٹال ہونے کے بعد ہی آپ کے

سسٹم میں کام کرتی ہیں آپ کو ان کا پتہ نہیں ہوتا اور آپ ڈرائیورز انسٹال نہیں کرتے اور پھر جب لوڈ پڑے تو سسٹم ہیٹ ہوتا ہے ڈسپلے پرابلم آتا ہے اور بھی دیگر بہت مسائل ہیں جو صرف آپ کی چھوٹی سی لاپرواہی کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں

اس کے بعد ونڈوز کو سپیڈ اپ کرنے کے لئے کچھ سیٹنگ ہوتی ہیں جو آپ کو کر لینی چاہئیں

جس طرح آپ اپنے موبائل فون کو استعمال کرنے کے لئیے اپنی ضرورت کے مطابق کسٹمائز کرتے ہیں

اسی طرح ونڈوز میں بھی آپ کو کسٹمائز سیٹنگ کرنی پڑتی ہیں جو اس کو تیز بناتی ہیں

ان سب کی ویڈیوز میں بھی بنا چکا ہوں اور انٹرنیٹ پر بھی آپ کو مل جائیں گی

اس کے بعد ضروری سافٹ ویئر جو آپ نے انسٹال کرنے ہوتے ہیں ہر سسٹم میں ہر ونڈوز میں

ونرار سافٹ وئیر

اینٹی وائیرس سافٹ وئیر

میڈیا پلئیر یعنی وی ایل سی جس میں ویڈیوز پلے ہوں

انٹرنیٹ براؤزر

ڈاؤن لوڈر سافٹ ویئر

سی کلینر

اور باقی آپ پھر اپنے استعمال اور ضرورت کے مطابق انسٹال کر سکتے ہیں لیکن یہ بہت ضروری ہیں

اس میں آپ کو 32 اور 64 بٹ کا خیال رکھنا ہوتا ہے

اگر ونڈوز 32 بٹ ہے تو اس میں آپ سب سافٹویئر 32 بٹ کے انسٹال کریں گے اور اگر 64بٹ ونڈوز ہے تو 64 بٹ

امید کرتا ہوں آپ کو اس پوسٹ سے کچھ سیکھنے کا موقع ملا ہو گا

0307-8162003